16/02/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عارف حسین

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت آنے والے وقت میں سکیورٹی چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے پوری طرح تیار ہے ۔ ایک نیوز ایجنسی کے ساتھ انٹرویو کے دوران بولتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پچھلی دہائی کے دوران دفاعی سیکٹر میں کئے گئے اصلاحات آپریشن سندور کے دوران عیاں ہو گئے ۔ انہوں نے کہا کہ بھارت دفاعی سیکٹر کو جدید تقاضوں کے عین مطابق Modernise کرنے کا وعدہ بند ہے ۔ انہوں نے کہا کہ دفاعی سیکٹر کے لئے اگلے مالی سال کے بجٹ میں سات لاکھ 85 ہزار کروڑ روپے مختص رکھے گئے ہیں۔

AI Impact سمٹ

AI Impact سمٹ 2026 کا آغاز ہو رہا ہے۔ اس سمٹ نئی دلی کے بھارت منڈپم میں آج سے انڈیا اس دوران وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی میں 20 ممالک کے عالمی رہنما شرکت کر رہے ہیں ۔ AI Impact کا افتتاح کریں گے ۔ یہ پانچ روزہ ایکسپو انڈیا AI Impact Expo 2026 دلی میں انڈیا سمٹ کے ایک حصے کے طور منعقد کیا جا رہا ہے ۔

لیفٹننٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ بھارت اپنی عظیم روحانی روایت اور دائمی اقدار کے ذریعے دنیا کو امن اور خوشحالی کی راہ دکھانے کے لئے آگے بڑھ رہا ہے ۔

ہِشنا جموں میں سنت کبیر کے نِروان دوس کی اختتامی تقریب پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سنت کبیر کی دانشمندانہ تعلیمات قوم میں تابناک سماجی اقدار کو تقویت بخشنے میں اہم رول ادا کرتی ہیں ۔

سکاسٹ

سکاسٹ کشمیر مین تین روزہ 11 واں ایگری ٹیک گونگل کسان میلہ آج بھی جاری ہے ۔ پچھلے دو دنوں کے دوران اس میلے میں بڑی تعداد میں عام لوگوں اور کسانوں نے شرکت کی ۔ کل کنکلیو کا انعقاد کیا گیا ۔ کنکلیو سے خطاب FPO زرعی یونیورسٹی میں میلے کے تحت ایک FPO کرتے ہوئے یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے جموں کشمیر میں نظام کو مزید مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ۔

شاہد اقبال چودھری

سائنس اور ٹیکنالوجی محکمے کے کمشنر سیکریٹری ڈاکٹر شاہد اقبال چودھری نے جموں کشمیر میں بائیو ٹیکنالوجی کے لئے یوٹی سطح کی پالیسی مرتب کرنے سے متعلق امور کا ایک میٹنگ کے دوران جائزہ لیا ۔

اس موقعہ پر بتایا گیا کہ جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والی ایک اعلیٰ سطحی ٹیم نے ملک کے مختلف علاقوں میں قائم بائیو ٹیکنالوجی کلسٹروں کا دورہ کر کے Findings تیار کی ہیں جن پر میٹنگ کے دوران تفصیل سے غور و خوض کیا گیا ۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔

ACB نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا ACB نمبر 9419678060 ہے ۔ اس بارے میں کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

ونٹر فسٹیول

دِور لولاب میں لولاب ونٹر فسٹیول اختتام پذیر ہوا ۔ فسٹیول کے دوران لولاب وادی کی Karewan ثقافتی گو نا گونیت اور قدرتی منظر نامے کی عکاسی کی گئی ۔ اس فسٹیول کا مقصد لولاب وادی کو ایک اہم سیاحتی مرکز کے طور پر اجا گر کرنا تھا ۔

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 2452019-0194 پر ہو گی۔خواہشمند افراد دئے گئے نمبر پر کال کر کے اپنے مسائل یا شکایات ریکارڈ کر وا سکتے ہیں ۔

کرکٹ

آئی سی سی عالمی کپ کے ایک میچ میں بھارت نے پاکستان کو 61 رنوں سے T-مردوں کے 20 شکست دی ۔ کل شام کولمبوکے آر پریمہ داسا اسٹیڈیم میں کھیلے گئے اس میچ میں بھارت نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 20 اوورس میں 7 کھلاڑیوں کے نقصان پر 175 رن بنائے ۔ جواب میں پاکستان کی ٹیم 18 اوورس میں 114 رن پر ہی سمٹ گئی ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت0 اعشاریہ 1 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت11 اعشاریہ5 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ